## بانیء پاکستان قائداعظم محمد علی جناحؒ جمہوریت پسند عظیم لیڈر تھے، جناب الطاف حسین
## پاکستان میں رہنے والے تمام مذاہب وعقائد کے ماننے والوں کو برابر کا پاکستانی شہری سمجھتے تھے
## بانیء پاکستان کی 64ویں برسی کے موقع پر جناب الطاف حسین کا بیان

لندن:۔۔۔۔10، ستمبر 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ بانیء پاکستان قائداعظم محمد علی جناحؒ جمہوریت پسند اور عظیم لیڈر تھے جنہوں نے برصغیر کے مسلمانوں کو آزادی دلوائی ۔ بانیء پاکستان کی 64ویں برسی کے موقع پر اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ قائداعظم محمد علی جناحؒ پاکستان میں رہنے والے تمام مذاہب وعقائد کے ماننے والوں کو برابر کا پاکستانی شہری سمجھتے تھے۔انہوں نے کہا کہ آج پاکستان کو قائداعظم محمد علی جناحؒ کے نظریات اور درس وتعلیم کے مطابق مذہبی رواداری اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کی فضاء کو پروان چڑھانے کی ضرورت ہے۔

## بارشوں سے تحفظ کیلئے تمام حکومتی وسائل، ذرائع ،عملہ اور مشینری کو فی الفور استعمال میں لایا جائے ،الطاف حسین
## دریاؤں، ندی اورنالوں میں طغیانی کے سبب قریبی رہائش پذیر گاؤں، دیہاتوں اور گوٹھوں کے عوام کی جان ومال شدید خطرات سے دوچار ہیں، ملک بھر میں رین ایمرجنسی نافذ کی جائے ،طوفانی بارشوں میں متعدد افراد کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔10، ستمبر 2012ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے مطالبہ کیا ہے کہ ملک بھر میں بارشوں سے قیمتی عوامی جان ومال کا تحفظ یقینی بنایا جائے اور تیز بارشوں سے تحفظ کیلئے تمام حکومتی وسائل، ذرائع ،عملہ اور مشینری کو فی الفور استعمال میں لایا جائے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک بھر میں طوفانی اور تیز بارشوں کے باعث متعدد افراد کرنٹ لگنے اور مختلف حادثات کا شکار ہوکر اپنی قیمتی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں، دریاؤں ، ندی اور نالوں میں طغیانی کے سبب قریبی رہائش پذیر گاؤں، گوٹھوں اور دیہاتوں کے عوام کی جان و مال شدید خطرات سے دوچار ہے لہٰذا دریاؤں، ندی اور نالوں کے پشتے اور دیواروں کو مضبوط بنایا جائے اور عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے کوئی کسر باقی نہ چھوڑی جائے۔انہوں نے کہا کہ متعدد شہروں میں بارش کے باعث سڑکوں پر پانی کھڑا ہے اور لوگوں کو شدید مشکلات اور پریشانیوں کا سامنا ہے جبکہ بجلی کی ترسیل کا نظام بوسیدہ ہوجانے کے باعث شہری شدید اذیت، مشکلات اور پریشانیوں کا شکار ہیں۔انہوں نے کہا کہ ماضی میں طوفانی اور تیز بارشوں کے باعث ایسے واقعات رونما ہوچکے ہیں کہ بااثر افراد نے دریاؤں کے پشتے اپنے کھیتوں اور رہائشگاہوں کو بچانے کیلئے توڑ دیئے تھے اور پانی کا بہاؤ گاؤں، گوٹھوں اور دیہات کی طرف کردیا تھا جس کے نتیجے میں نہ صرف متعدد قیمتی جانیں ضائع ہوئی تھیں بلکہ غریب عوام کھلے آسمان تلے کسمپرسی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہوگئے تھے۔انہوں نے ملک بھر میں طوفانی اور تیز بارشوں کے باعث حادثات کا شکار ہوکر جاں بحق ہونے والے تمام افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور جاں بحق افراد کے بلند درجات اور زخمیوں کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت جناب آصف علی زرداری، وزیراعظم راجہ پرویز اشرف سمیت چاروں صوبائی حکومتوں کے گورنرز اور وزرائے اعلیٰ سے مطالبہ کیا کہ ملک بھر میں طوفانی اور تیز بارشوں کے باعث رین ایمرجنسی نافذ کی جائے اور حکومتی مشینری، عملہ، ذرائع اور تمام وسائل بارشوں سے پیدا ہونے والی گھمبیر صورتحال سے نمٹنے کیلئے فی الفور استعمال میں لائے جائیں اور بارشوں سے پیدا ہونے والی صورتحال میں عوام کی جان و مال کا تحفظ ہر قیمت پر یقینی بنایا جائے۔

## ایم کیوایم کے زیراہتمام قائداعظمؒ کے 64ویں یوم وفات کے موقع پر ''قائداعظم اور آج کا پاکستان'' کے عنوان سے پرل کانٹینینٹل ہوٹل میں سیمینار منعقد ہوگا، قائد تحریک جناب الطاف حسین خطاب کریں گے۔

کراچی۔۔۔10 ستمبر 2012ء

ایم کیوایم کے زیراہتمام بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناحؒ کے 64ویں یوم وفات کے موقع پر ''قائداعظم اور آج کا پاکستان'' کے عنوان سے سیمینار منعقد ہوگا۔اس سیمینار کا انعقاد 11 ستمبر منگل کو سہ پہر 3 بجے پرل کانٹینینٹل ہوٹل (مارکی) میں کیا گیا ہے۔سیمینار سے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین خطاب کریں گے۔سیمینار میں دانشور، شعراء، ادیب، علمائے کرام، وکلاء، بیوروکریٹس، ماہر معاشیات، صحافیوں اور دیگر عمائدین کے علاوہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین، حق پرست وزراء، سینیٹرز اور اراکین اسمبلی بھی شرکت کریں گے۔

## بلدیاتی نظام جمہوریت کی روح ہے،اس کی مخالفت کرنا جمہوریت کی مخالفت کرنا ہے۔الطاف حسین
## ہم عوام کے مسائل کا حل چاہتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ لوگوں کوان کی گلیوں تک مسائل کا حل پہنچے
## لاہورزونل آفس پرایم کیوایم لاہورزون اورمختلف ڈسٹرکٹ اورتحصیل کے ذمہ داران سے گفتگو

لندن۔۔۔10،ستمبر2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہاہے کہ بلدیاتی نظام جمہوریت کی روح ہے،اس کی مخالفت کرنا جمہوریت کی مخالفت کرنا ہے۔یہ بات انہوں نے لاہور زونل آفس پرایم کیوایم لاہورزون اورمختلف ڈسٹرکٹ اورتحصیل کے ذمہ داران سے گفتگوکرتے ہوئے کہی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ سندھ میں بلدیاتی نظام کے نفاذ پر مختلف سیاسی جماعتوں کی مخالفت اس بات کا مظہر ہے کہ یہ سیاسی جماعتیں ملک میں جمہوریت اورگراس روٹ تک عوامی مسائل کے حل کے جمہوری نظام کے حق میں نہیں۔انہوں نے کہا کہ ہم عوام کے مسائل کا حل چاہتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ لوگوں کوان کی گلیوں تک مسائل کا حل پہنچےاورعوام کے نمائندے گلیوں میں ان کی دسترس میں ہوں۔لاہورزون کے ذمہ داران اورکارکنان نے جناب الطاف حسین کو بتایا کہ متحدہ قومی موومنٹ کا حق پرستی کا پیغام اب شہروں سے نکل کرڈسٹرکٹ،تحصیل اورٹاؤن میں پھیل رہاہےاورغریب و متوسط طبقہ کےلوگ تیزی سے ایم کیوایم میں شمولیت اختیارکررہے ہیں۔جناب الطاف حسین نے لاہورزون کے تمام ذمہ داران کوہدایت کی وہ پنجاب میں شعبہءخواتین اورلیبر ڈویژن سمیت تمام شعبوں کوفعال کریں اورتحریک کے پیغام کو پھیلانے کیلئے تمام ذمہ داران اورکارکنان اپنا بھرپورکرداراداکریں۔اس موقع پرلاہورزون کے ذمہ داروں نے جناب الطاف حسین کو بتایا کہ خانقاہ ڈوگرازیارت کریم میں کرسچن کمیونٹی کے سالانہ اجتماع کےموقع پرایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے میڈیکل کیمپ لگایا گیاہے جہاں ایم کیوایم کے ڈاکٹراورپیرامیڈیکل اسٹاف عوام کومفت طبی سہولتیں فراہم کررہے ہیں۔جناب الطاف حسین نے اس نیک کاوش پرلاہورزون کے تمام عہدیداران وکارکنان کوزبردست خراج تحسین پیش کیااوردعا کی کہ اللہ تعالی تمام تحریکی کارکنوں میں ہمت وحوصلہ پیدا کرےاوروہ اسی نیک جذبہ سےتحریک کے کام کوآگے بڑھائیں۔

## ایم کیوایم کے قائدالطاف حسین نے سندھ بارشوں سے متاثرین کی امداداورطبی سہولیات کی فراہمی کیلئے سکھر میں مرکزی ریلیف کیمپ قائم کرنے کی ہدایت کردی
## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضاکاراورایم کیوایم کےکارکنان بارش سے متاثرہ اندرون سندھ متاثرہ افرادکی امدادوبحالی کے کاموں میں بڑھ چڑھ کرحصہ لیں،الطاف حسین

لندن۔۔۔10،ستمبر2012ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن اورایم کیوایم میڈیکل ایڈکمیٹی کے ذمہ داران کوشدید بارشوں سے متاثرہ سندھ کے عوام کی امداداورانہیں طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے سکھر میں مرکزی ریلیف کیمپ قائم کرنے کی ہدایت کردی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم سیاست برائے سیاست کے بجائے سیاست برائے خدمت پریقین رکھتی ہےاورمصیبت کی اس گھڑی میں بارشوں سے متاثرہ سندھ کےعوام کوہرگزتنہانہیں چھوڑے گی اوران کی امداداور بحالی تک چین سےنہیں بیٹھے گی۔جناب الطاف حسین نے سکھر،گھوٹکی،جیکب آباد،قمبر شہدادکوٹ،لاڑکانہ،خیرپور،کشموراوردیگرعلاقوں کےعوام بارشوں سے شدیدمتاثرہوئےاور کھلے آسمان تلےامداد کےمنتظرہیں لہٰذاسکھر میں مرکزی ریلیف کیمپ قائم کرنے کےعلاوہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضاکاران اورایم کیوایم کےکارکنان دیگرعلاقوں میں بارشوں سے متاثرہ افرادکی امداداورانہیں طبی سہولیات کی فراہمی میں بڑھ چڑھ کرحصہ لیں۔

## پاراچنار کشمیر چوک پر گاڑی میں بم دھماکے پر الطاف حسین کا اظہار مذمت
## بم دھماکے اور دہشت گردی کے ذریعے مسلح افواج، سیکوریٹی فورسز اور عوام کے حوصلے ہرگز پست نہیں کئے جاسکتے
## بم دھماکوں اور دہشت گردی کے ذریعے معصوم انسانوں کے خون سے ہولی کھیلنے والے دین اسلام اور ملک کے کھلے دشمن ہیں الطاف حسین

لندن۔۔۔10، ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاراچنار کشمیر چوک پر گاڑی میں بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور بم دھماکے میں متعدد افراد کی شہادت اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ بم دھماکوں اور دہشت گردی کے ذریعے معصوم انسانوں کے خون سے ہولی کھیلنے والے دین اسلام اور ملک کے کھلے دشمن ہیں اور سفاکی اور درندگی کے کھلے مظاہرے کرکے ملک کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کی سازش کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بم دھماکے اور دہشت گردی کے ذریعے مسلح افواج، سیکوریٹی فورسز اور عوام کے حوصلے ہرگز پست نہیں کئے جاسکتے اور انشاء اللہ دہشت گردی، فرقہ واریت اور انتہاء پسندی کے خلاف پاکستان کے تمام مکاتب فکر کے عوام اپنی اتحاد سے جلد اس عفریت سے نجات حاصل کرلے گا۔ انہوں نے بم دھماکے میں شہید ہونے والے افراد کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے اور زخمی افراد کو جلد و مکمل صحت یابی عطا فرمائے۔

## جناب الطاف حسین کی کوشش رہی ہے کہ تمام مسالک اور مذاہب کے ماننے والوں کا احترام کیا جائے، حیدر عباس رضوی
## گزشتہ کئی سالوں سے پاکستان کے حالات سوچے سمجھے منصوبے کے تحت خراب کئے جارہے
## اپنے اتحاد کے ذریعے ملک دشمن عناصر کی سازشوں کو ناکام بنائیں اور سازشی عناصر پر کڑی نظر رکھیں
## ڈیفنس کلفٹن ریذیڈینس کمیٹی کے زیراہتمام اجلاس کے شرکاء سے گفتگو

کراچی۔۔۔10/ ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ ڈیفنس کلفٹن ریزیڈینس کمیٹی کے زیراہتمام ڈیفنس میں اجلاس منعقد کیا گیا۔ جس میں قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر سید حیدر عباس رضوی، حق پرست ارکان قومی اسمبلی وسیم اختر، کشور زہرہ، رکن سندھ اسمبلی مقیم عالم اور ماہر معاشیات شبر زیدی، ڈی سی آر سی کے جوائنٹ انچارج عارف شفیق و اراکین سمیت ڈیفنس، کلفٹن سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی۔ ڈی سی آر سی کے تحت منعقدہ اجلاس کے شرکاء سے سید حیدر عباس رضوی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ کئی سالوں سے پاکستان کے حالات سوچے سمجھے منصوبے کے تحت خراب کئے جارہے ہیں، مسلک اور مذہب کی بنیاد پر معصوم و بے گناہ افراد کو چن چن کر قتل کیا جارہا ہے، ایسے واقعات کرکے ملک دشمن عناصر فرقہ وارانہ فسادات اور مذہبی منافرت کو ہوا دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی شروع دن سے یہ کوشش رہی ہے کہ تمام مسالک اور مذاہب کے ماننے والوں کا احترام کیا جائے اور یہی وجہ ہے کہ قائد تحریک از خود تمام مسالک کے علمائے کرام سے مسلسل رابطے میں رہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اب ہماری یہ ذمہ داری ہے کہ ہم مسالک اور مذاہب کے درمیان فسادات کرانے والے عناصر سے ہوشیار رہیں اور اپنے اردگرد ایسے افراد پر کڑی نظر رکھیں، بزرگ افراد پر مشتمل کمیٹیاں تشکیل دیں اور اپنے اتحاد سے ملک دشمن عناصر کی سازشوں کو ناکام بنادیں۔

## ابراہیم حیدری میں لانچ ڈوب جانے اور شکارپور میں شدید بارشوں کے نتیجے میں مختلف حادثات کا شکار ہوکر متعدد افراد کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔10، ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ابراہیم حیدری میں لانچ ڈوب جانے کے افسوسناک حادثے اور شکارپور میں شدید بارشوں کے نتیجے میں مختلف حادثات کا شکار ہوکر متعدد افراد کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ رابطہ کمیٹی نے مختلف حادثات میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## آسٹریلین ہائی کمشنر PETER HEYWARD نے ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد کا دورہ کیا
## ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار اور محترمہ نسرین جلیل سے ملاقات

کراچی:۔۔10/ستمبر 2012ء

آسٹریلین ہائی کمشنر PETER HEYWARD نے اپنی اہلیہ کے ہمراہ گزشتہ روز ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کی رہائشگاہ نائن زیرو عزیز آباد کا دورہ کیا اور ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار اور محترمہ نسرین جلیل سے ملاقات کی ۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ سیکنڈ پولیٹیکل سیکریٹری محترمہ CHARLOTTE KENNEDY بھی موجود تھیں ۔ ملاقات میں ڈاکٹر فاروق ستار نے آسٹریلین ہائی کمشنر PETER HEYWARD کو پاکستان کی موجودہ سیاسی ، معاشی اقتصادی، ملک میں انتہاء پسندی اور امن وامان کی صورتحال کے علاوہ لوکل گورنمنٹ کے حوالے سے ایم کیو ایم کے موقف پر بھی بات چیت ہوئی ۔ ملاقات میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن کنور خالد یونس، حق پرست وفاقی وزیر سینیٹر بابر غوری، کونسل آف پروفیشنل اور پبلک ریلیشن کے ارکان بھی موجود تھے ۔ قبل ازیں آسٹریلین ہائی کمشنر کا متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار، محترمہ نسرین جلیل اور رکن کنور خالد یونس نے نائن زیرو پر استقبال کیا بعد ازاں آسٹریلین ہائی کمشنر کو متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی تصاویر پر مبنی سوانح عمری ''پیکٹوریل بائیوگرافی بھی پیش کی گئی ۔

## ایم کیو ایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔10 ستمبر 2012

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم نیو کراچی سیکٹر یونٹ A-140 کے کارکن آفتاب کی والدہ حلیمہ شریف، ایم کیو ایم ڈیفنس کلفٹن سیکٹر یونٹ 05 کے کارکن سلیم بٹ کی والدہ جمیلہ بٹ، ایم کیو ایم ٹنڈو والہ یار زون، یونٹ A-02 کے یونٹ ممبر سید طاہر شاہ کی والدہ طاہر بیگم، ایم کیو ایم کراچی متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی سیکٹر ابراہیم حیدری کے کارکن محمد عمیر کی والدہ صابرہ بی بی، بن قاسم سیکٹر یونٹ شاہ لطیف ٹاؤن کے کارکن میر حسن کے والد حاجی محمد حنیف جوکھیو، ایم کیو ایم سانگھڑ زون، کھپرو یونٹ "B" کے یونٹ ممبر محمد وسیم بھائی کے والد محمد اسلم راجپوت اور ایم کیو ایم پاک کالونی سیکٹر، یونٹ 186 کے بزرگ کارکن مشتاق علی کے صاحبزادے سید عمران علی کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے ۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے ۔ ( آمین )

## متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر سندھ بھر میں بارش کے متاثرین کیلئے امدادی سرگرمیوں کا آغاز کردیا گیا
## فیڈرل بی ایریا بلاک 14 میں واقع خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں مرکزی امدادی کیمپ قائم کردیا گیا
## رابطہ کمیٹی کے ارکان نے مرکزی کیمپ کا دورہ کیا اور امدادی سرگرمیوں کا جائزہ لیا

کراچی:۔۔۔10،ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام سندھ بھر میں بارش کے متاثرین کیلئے امدادی سرگرمیوں کا آغاز کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق فیڈرل بی ایریا بلاک 14 میں واقع خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں سندھ میں حالیہ بارشوں کے متاثرین کی امداد کیلئے مرکزی امدادی کیمپ قائم کر دیا گیا ۔ ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکانِ شعیب احمد بخاری ، قاسم علی رضا اور سلیم تاجک نے کے کے ایف کے انچارج عمران احمد کے ہمراہ خدمت خلق فاؤنڈیشن میں قائم مرکزی کیمپ کا دورہ کیا اور وہاں پر جاری امدادی سرگرمیوں میں کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے فلاحی ادارے کی جانب سے متاثرین بارش کی امداد کیلئے بھیجی جانیوالی غذائی، اجناس اور دیگر ضروریات کی اشیاء کی تیاریوں میں مصروف ایم کیو ایم کے کارکنان کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے شاباش دی ۔ کراچی کی طرح سکھر میں بھی بارش کے متاثرین کیلئے بیس کیمپ قائم کر دیا گیا ہے جبکہ جیکب آباد، کشمور، گھوٹکی، شکار پور، خیر پور، لاڑکانہ، قمبر شہداد کوٹ زونل آفس میں متاثرین کیلئے امدادی کیمپ لگائے گئے ہیں جہاں سندھ تنظیمی کمیٹی کے ذمہ داران، زونل انچارجز واراکین زونل کمیٹی، حق پرست عوامی نمائندے، یونٹوں کے ذمہ داران وکارکنان امدادی کاموں مصروف ہیں ۔

## حق پرست رکن قومی اسمبلی سید طیب حسین کا کمشنر حیدرآباد احمد بخش ناریجو کے ہمراہ حیدرآباد سٹی و لطیف آباد کے مختلف علاقوں اور پمپنگ اسٹیشنوں کا دورہ

حیدرآباد۔۔۔۔۔10 ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد کے حق پرست رکن قومی اسمبلی سید طیب حسین نے کمشنر حیدرآباد احمد بخش ناریجو کے ہمراہ حیدرآباد سٹی و لطیف آباد کے مختلف علاقوں و پمپنگ اسٹیشنوں کا دورہ کیا اور بارشوں سے جمع ہونے والے پانی کے نکاسی آب کے صورتحال کا جائزہ لیا۔اس موقع پر سید طیب حسین نے انتظامیہ کے افسران سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بارشوں کے بعد جمع ہونے والے پانی کی نکاسی کے اقدامات کو یقینی بنانے اور بجلی کی سپلائی کے معطل ہونے صورت میں پمپنگ اسٹیشنوں کے عملے کو جنریٹر چلانے کی ہدایات کیں۔انہوں نے مزید کہا کہ بارشوں کے دوران عوام کو تکالیف سے بچا کر انہیں زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرنا اشد ضروری ہے اور یہی قائد تحریک کی حق پرست نمائندوں کو ہدایت ہے، لہٰذا انتظامیہ تمام عوام کو ریلیف پہنچانے والے اقدامات کو یقینی بنائے تا کہ بارشوں کے دوران عوام کو کسی بھی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ ہو اور ممکنہ صورتحال میں شہر اور شہریوں کو ریلیف دینے کیلئے کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے اور اپنی تمامتر توانائیاں کو بروئے کار لاتے ہوئے بارشوں میں پیدا ہونے والے مسائل سے نمٹنے کیلئے اقدامات کئے جائیں۔

## قائد تحریک الطاف حسین کی ہدایت پر ارکان رابطہ کمیٹی سید شاکر علی، جاوید کاظمی اور ایم کیو ایم کے مرکزی رہنماء عامر خان کا حیدرآباد میں ہونے والی شدید بارشوں سے متاثرہ علاقوں کا ہنگامی دورہ

## حیدرآباد شہر اور لطیف آباد میں واقع حیدرآباد ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے پمپنگ اسٹیشنوں کی کارکردگی کا جائزہ لیا

## اور بارش کے پانی کے نکاسی کے کاموں کو مزید تیز کرنے کی ہدایت دی

## سید شاکر علی، جاوید کاظمی، عامر خان اور دیگر ذمہ داران واراکین اسمبلی نے گزشتہ روز بارشوں میں بجلی کے کرنٹ سے جاں بحق ہونے والے ایم کیو ایم کے کارکن اور ہمدردوں کے گھر جا کر انکے سوگوار لواحقین سے تعزیت کا اظہار کیا

حیدرآباد:۔۔۔10 ستمبر 2012ء

قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیو ایم رابطہ کمیٹی کے اراکین سید شاکر علی، جاوید کاظمی اور ایم کیو ایم کے مرکزی رہنماء عامر خان نے حیدرآباد میں ہونے والی شدید بارشوں سے متاثر ہونے والے علاقوں کے ہنگامی دورے کئے۔اس موقع پر انکے ہمراہ سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی، ایم کیو ایم حیدرآباد زون کے انچارج محمد شریف، صوبائی وزیر خالد بن ولایت اور حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی سید طیب حسین، صلاح الدین، اکرم عادل اور سید وسیم حسین بھی موجود تھے۔انہوں نے بارش سے متاثرہ علاقوں میں صورتحال کو معمول پر لانے کیلئے علاقوں میں موجود حق پرست اراکین اسمبلی یونٹس سیکٹر کے ذمہ داران وکارکنان کو بھی شہر بھر میں فعال ومتحرک رہنے اور بارش کی صورتحال سے نمٹنے کیلئے فوری اقدامات کی ہدایت کیا اس موقع پر انہوں نے شہر و لطیف آباد میں واقع HDA کے پمپنگ اسٹیشنوں کی کارکردگی کا جائزہ لیا اور بارش کے پانی کے نکاسی کے کاموں کو مزید تیز کرنے کی ہدایت دیں، جبکہ علاقوں میں پانی جمع ہونے، بجلی کی سپلائی معطل ہونے اور دیگر شکایات کے حل کیلئے علاقوں میں پہنچ کر عوام کو فوری ریلیف دینے کیلئے حق پرست نمائندوں کے ذریعے حیسکو اور ایچ ڈی اے کے افسران کو فوری اقدامات کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ عوام کی شکایات کے فوری ازالہ کیلئے انتظامیہ جلد سے جلد نکاسی آب کے کام مکمل کرے۔اس موقع پر علاقوں میں عوام سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم وڈیروں اور جاگیرداروں کی نہیں بلکہ 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کی جماعت ہے اور قائد تحریک الطاف حسین کی تعلیمات وہدایات پر عمل کرتے ہوئے ایم کیو ایم کے ذمہ داران وکارکنان اور حق پرست صوبائی وزیر اور ارکان اسمبلی عوام کی خدمت کیلئے عملی طور پر ہر علاقے میں موجود ہیں انہوں نے کہا کہ شہر اور شہریوں کو ریلیف دینے کیلئے کوئی کسر نہیں چھوڑی جائیگی اور اپنی تمامتر توانائیاں بروئے کار لاتے ہوئے ہر پریشانی سے نمٹنے کیلئے اقدامات کئے جائیں گے۔بعدازاں اراکین رابطہ کمیٹی سید شاکر علی، جاوید کاظمی اور مرکزی رہنما عامر خان اور ایم کیو ایم کے دیگر ذمہ داران اور اراکین اسمبلی کے ہمراہ گزشتہ روز بارشوں میں بجلی کے کرنٹ سے جاں بحق ہونے والے ایم کیو ایم کے کارکن اور ہمدردوں کی رہائشگاہوں پر جا کر انکے سوگوار لواحقین سے اظہار تعزیت کیا اور مرحومین کیلئے ایصال ثواب کی دعا کی۔

## قائدتحریک جناب الطاف حسین کے نظریہ پر کاربند رہتے ہوئے تمام کارکنان محنت اورلگن سے تنظیمی پیغام کو پھیلائیں
## ایم کیوایم صوبائی تنظیمی پنجاب اورایم کیوایم گوجرانوالہ زون کے زیر اہتمام ڈسٹرکٹ سیالکوٹ میں کارکنان کا اجلاس

گوجرانوالہ۔۔۔۔۔10 ستمبر،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی صوبائی تنظیمی پنجاب اورایم کیوایم گوجرانوالہ زون کے زیر اہتمام ڈسٹرکٹ سیالکوٹ میں کارکنان کا اجلاس منعقد کیا گیا، جس میں صوبائی تنظیمی کمیٹی پنجاب کے انچارج محمد حسین اور جوائنٹ انچارج شبیر قائم خانی نے کارکنان سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کے نظریہ پر کاربند رہتے ہوئے تمام کارکنان محنت اورلگن سے تنظیمی پیغام کو پھیلائیں اور قائدتحریک کے فکر فلسفہ کو سیالکوٹ کی گلی گلی کوچہ کوچہ میں پھلائیں ۔انہوں نے مزید کہا کہ ایم کیوایم ملک کی واحد جماعت ہے جو 98% غریب اور مظلوم عوام کے دلوں کی آواز ہے اور دن دورنہیں جب ملک میں پر امن انقلاب آئے گا جس سے ملک کے محروم اور مظلوم عوام کو بلاتفریق رنگ ونسل حقوق کی فراہمی ممکن ہوسکے گی۔اجلاس میں ڈسٹرکٹ سیالکوٹ میں ایم کیوایم کے تنظیمی امور کا بغور جائزہ لیا گیا اور غیر تنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر کچھ کارکنان سے تنظیمی ذمہ داریاں واپس لیتے ہوئے انکو معطل کردیا گیا اور تمام کارکنان کو ہدایت دی گئی کہ معطل افراد سے کسی بھی قسم کا رابطہ نہ کریں۔

## ایم کیوایم ملک کی واحد جماعت جس نے بیڈروم کی سیاست کرنے کے بجائے عوامی خدمت کو اپنا شعار بنایا، وزیرعبدالحسیب
## حیدرآباد میں طوفانی بارشوں کے نتیجے میں پیدا ہونے والے مسائل کے حل کیلئے حق پرست صوبائی وزیرعبدالحسیب کا دورہ

حیدرآباد۔۔۔۔۔10 ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر حیدرآباد میں طوفانی بارشوں کے نتیجے میں پیدا ہونے والے مسائل کے حل کیلئے حق پرست صوبائی وزیر عبدالحسیب نے حیدرآباد کے دیگر حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی صلاح الدین، اکرم عادل اور سید وسیم حسین کے ہمراہ حیدرآباد اور لطیف آباد کے بارش سے متاثرہ مختلف علاقوں کے دورے کیئے اوران علاقوں میں بارش سے پیدا ہونے والے مسائل اور نکاسی آب کے کاموں کا جائزہ لیا۔اور متعلقہ افسران کو بارش سے پیدا ہونے والے مسائل کی روک تھام کرنے اور عوام کو بہتر سہولت فراہم کرنے کی ہدایت دیں۔صوبائی وزیر نے شہر بھر میں جمع شدہ گندے پانی کی نکاسی کیلئے ایچ ڈی اے کے افسران کو خصوصی ہدایت جاری کیں اور اپنی موجودگی میں پمپنگ مشینوں کے ذریعے نکاسی آب کو یقینی بنایا۔اس موقع پر مختلف علاقوں میں جمع ہونے والے لوگوں سے بات چیت کرتے ہوئے حق پرست ارکان نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک کی واحد جماعت ہے جس نے بیڈروم کی سیاست کرنے کے بجائے عوامی خدمت کو اپنا شعار بنایا ہے انہوں نے کہا کہ حیدرآباد قائدتحریک الطاف حسین کا شہر ہے اوراس شہر کے عوام کے مسائل حل کرنا ہماری اولین ذمہ داری ہے، انہوں نے لوگوں کو انکے مسائل کے حل کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ حق پرست قیادت شہر کے مسائل سے پوری طرح آگاہ ہے اور حیدرآباد کو مسائل کی دلدل سے نکالنے میں کوشاں ہے، حق پرست اراکین نے متاثرہ افراد سے ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں اپنے ہرممکن تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی۔

☆☆☆☆☆